نہ قطار نہ انتظار
پینشن کی وصولی ہوئی آسان

پینشنر حضرات کی آگاہی کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ حکومتِ پاکستان نے پینشن کی وصولی میں درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے ماہانہ پینشن براہ راست پینشنرز کے بینک اکاؤنٹ میں منتقل کرنے کا ایک نیا نظام متعارف کرایا ہے۔ اکاؤنٹ کے ذریعے پینشن کی وصولی کے نئے نظام کو اختیار کرنے کے خواہش مند پینشنر حضرات آپشن دے کر یہ سہولت حاصل کر سکتے ہیں۔ پینشنر حضرات کی سہولت کے پیشِ نظر، ''آپشن فارم'' بلا معاوضہ متعلقہ اکاؤنٹ آفس سے دستیاب ہیں۔

اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بی پی آر ڈی سرکلر نمبر 11 مورخہ 6 جون 2009 کے تحت ملک میں کام کرنے والے تمام بینکوں کو پینشنرز کے بغیر سروس چارجز ''پینشن اکاؤنٹ'' کھولنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔

نئے نظام سے متعلق مزید معلومات یا شکوک وشبہات دور کرنے کے لیے پینشنر حضرات متعلقہ اکاؤنٹس آفس کے عملے سے رجوع کریں۔

نئے نظام کی خصوصیات:

1. پینشن کی ماہانہ ادائیگی تنخواہ کی طرز پر۔
2. پینشن بل جمع کرانے کا کوئی جھنجھٹ نہیں۔
3. ماہانہ پینشن کی براہ راست پینشنر کے بینک اکاؤنٹ میں منتقلی۔
4. پاکستان بھر میں کسی بھی بینک کی برانچ میں ''پینشن اکاؤنٹ'' مفت کھلوانے کی سہولت۔
5. چیک یا اے ٹی ایم کارڈ کے ذریعے ہر مہینے کی پہلی تاریخ یا اس کے بعد کسی بھی وقت پینشن نکلوانے کی سہولت۔

نئے نظام کو اختیار کرنے کا طریقہ:

1. پینشنر حضرات آپشن فارم قریبی اکاؤنٹس آفس سے بلا معاوضہ حاصل کر کے بغور پُر کریں۔
2. اپنی مرضی اور سہولت کے پیشِ نظر کسی بھی بینک کی برانچ میں اپنا پینشن اکاؤنٹ کھلوائیں۔ جن پینشنر حضرات کے اکاؤنٹ پہلے سے کسی بینک برانچ میں کھلے ہوئے ہیں ان کے لیے بھی نیا پینشن اکاؤنٹ کھلوانا لازمی ہے۔
3. آپشن فارم کی تصدیق متعلقہ بینک کی برانچ (جہاں آپ کا پینشن اکاؤنٹ کھولا گیا ہے) سے کروائیں۔
4. تصدیق شدہ آپشن فارم ضروری کاغذات کی نقول کے ساتھ اپنے متعلقہ اکاؤنٹس آفس میں جمع کروائیں۔
5. جمع شدہ فارم کی جانچ پڑتال کے بعد آپ کی ماہانہ پینشن آپ کے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل ہونا شروع ہو جائے گی جسے ہر مہینے کی پہلی تاریخ یا اس کے بعد آپ کسی بھی وقت چیک یا اے ٹی ایم کارڈ کے ذریعے نکال سکتے ہیں۔
6. پینشنرز کے لیے ہر چھ ماہ بعد لائف سرٹیفکیٹ / غیر شادی شدہ ہونے کا سرٹیفکیٹ (خاتون فیملی پینشنر کی صورت میں) اپنی متعلقہ بینک برانچ میں جمع کرانا لازمی ہے۔

PID#(K)457/14

بینک سے متعلق شکایت کی صورت میں رابطہ کریں:

محمد اسد اکبر
اسسٹنٹ ڈائریکٹر
کنزیومر پروٹیکشن ڈیپارٹمنٹ
اسٹیٹ بینک آف پاکستان، کراچی

فون نمبرز: 021-32453579 اور 021-99221935
فیکس نمبرز: 021-99218160 اور 021-99221154
ای میل: asad.akbar@sbp.org.pk

بینک دولت پاکستان